20/05/2026

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

پی ایم دورہ

وزیر اعظم نریندرمودی آج اٹلی Giorgia Meloni ور وہاں کے صدر Sergio Mattarella ا کی وزیر اعظم

کے ساتھ بھارت۔ اٹلی شراکت داری اور باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ ان ملاقاتوں کے دوران 2029-2025 Strategic Action Plan کا بھی جائزہ لیا جائے گا کے مشترکہ ۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ وزیر اعظم روم کے سرکاری دورے پر کل رات اٹلی پہنچے۔

NMA

جموں کشمیر میں سو روزہ نشہ مکت ابھیان کے تحت سِول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔ اس بدعت سے نوجوانوں کو چھٹکارا دلانے کیلئے بیداری اور بازآباد کاری کے پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں جب کہ ڈرگ سمگلروں کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی گئی ہے۔ انتظامیہ نے منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کاتہیہ کر رکھا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔

پولیس

منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے پولیس نے کرناہ کپواڑہ میں غلام مصطفی مغل نامی ڈرگ سمگلر کی چار کنال آٹھ مرلے زمین اٹیچ کی ہے۔

اونتی پورہ میں پولیس کے اہتمام سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد ہوا۔

بانڈی پورہ میں پویس نے بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا۔

ایوارڈ

پونے کی ایک معروف تنظیم سرحد کے اہتمام سے کل ایس کے آئی سی سی سرینگر مینلل دید ایوارڈس تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران لیفٹینٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر کی چار ممتاز خواتین ، نامور شاعرہ بملا رینہ ، ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ یافتہ دانشور پروفیسر نسیم شفائی ، مصنفہ اور راج بھاشا کی ماہر ڈاکٹر سکینہ اختر اور جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کو ان کی نمایاں خدمات کے اعتراف مینلل دید ایوارڈسے نوازا۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس تقریب کے دوران جموں کشمیر کی ایک معروف ماہر تعلیم، قلم کار اور ترجمہ نگار پروفیسر نیرجا مٹو کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے سرفراز کیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر کے نامور طبی ماہرین اور کئی طبی اداروں کے ذمہ داروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کینسر بیماری اور اس کے علاج سے متعلق لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صحت و طبی تعلیم محکمے کو اس مقصد کیلئے ماہرین کی ایک خصوصی ٹیم تشکیل دینے کی ہدایت دی۔

میٹنگ میں محکمے کے کمشنر سیکریٹری ، سکمز صورہ کے ڈائریکٹر اور جموں کشمیر کے مختلف میڈیکل کالجوں کے پرنسپل صاحبان نے بھی شرکت کی۔

کاروانی

ریلیف اینڈ رہبلیٹیشن کمشنر ڈاکٹر اروند کاروانی نے متعلقہ افسران کی ایک میٹنگ میں جموں کشمیر مینمایئگرنٹ کیمپوں کیلئے مختلف محکموں کی جانب سے عملائے جا رہے کاموں اور دیگر خدمات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔

ڈاکٹر کاروانی نے افسران کو مائگرنٹس کیلئے مخصوص سکیموں کی موثر عمل آوری کی ہدایت دی۔

ایل پی جی

جموں کشمیر مینآئل انڈسٹری کے سٹیٹ لیول کارڈنیٹر ہمانشو شرما نے کہا ہے کہ یوٹی میں پیٹرولیم مصنوعات اور رسوئی گیس کی وافر مقدار دستیاب ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ سرکاری شعبے کی کمپنیاں عالمی سطح پر غیر یقینی حالات کے باوجود ان اشیاءکی بلا خلل سپلائی کو برقرار رکھے ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو صارفین کیلئے رسوئی گیس کی دستیابی کو ترجیح دی جا رہی ہے

ڈی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ایک میٹنگ کے دوران پردھان منتری شرھم یوگی مان دھن یوجنا، جے کے سمادھان ، پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا اور تاجروں کیلئے نیشنل پینشن سکیم کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدا ت دی کہ ان سکیموں کی کامیاب عمل آوری کیلئے بیداری پروگرام منعقد کئے جانے چاہییں۔

ڈی سی بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چِب نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے عیدالضحیٰ کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بازاروں میں ضروری اشیاءاور قربانی کے جانورونکی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

IPL

انڈین پریمئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کے ایک میچ میں آج کولکتہ نائٹ رائڈرس، کا مقابلہ ممبئی انڈینز کے ساتھ ہو گا۔ یہ میچ آج شام ساڑھے سات بجے سے کولکتہ کے ایڈن گارڑنز میں کھیلا جائے گا۔

IMD

بھارتی موسمیات محکمے نے جموں کشمیر ، ذیلی ہمالیایی مغربی بنگال، سکم اور شمال مشرقی ریاستوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

محکمہ نے دلی، پنچاب، ہریانہ اور چندی گڑھ میں آج گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیش گوئی کرتے ہوئے

ان خطوں کیلئے Orange

الرٹ جاری کیا ہے۔

اتر پردیش، مدھیہ پردیش اور وِدربھ کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

آکاشوانی سرینگر سے اگلاخبر نامہ

سہ پہر 3 بج کر50 منٹ پر اُردو میں نشر ہو گا

خدا حافظ